روزنامہ راشٹریہ سہارا

گورکھپور، 27/ جون، 2024، جمعرات

www.roznamasahara.com

Gorakhpur, Thurssday, 27 June 2024

پولیس اور ایس ایس بی کے جوانوں نے سنولی سرحد پر چینی خاتون کو کیا گرفتار

غیر قانونی راستے سے ہندوستان میں دراندازی کی کر رہی تھی کوشش

مہراج گنج (ایس این بی) سیکورٹی ایجنسیوں نے ایک مشتبہ چینی خاتون کو گرفتار کیا ہے جو نیپال سے غیر قانونی طور پر بھارت اور نیپال کی سرحد سنولی کے قریب فٹ پاتھ کے ذریعے بھارت میں داخل ہو رہی تھی۔ چینی خاتون کے پاس ہندوستان میں داخل ہونے کے لیے کوئی درست دستاویزات نہیں پائے گئے، سنولی پولیس نے چینی خاتون کے خلاف 14 فارنرز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے اور تفتیش میں مصروف ہے۔ معلومات کے مطابق، سشستر سیما بل کے اہلکار سنولی کوتوالی علاقے کے ڈنڈا ہیڈ سرحد کے قریب نو مینس لینڈ کی زمین پر گشت پر تھے۔ اس کے بعد ایک مشکوک خاتون اپنی پیٹھ پر بیگ اٹھائے نیپال سے فٹ پاتھ کے راستے ہندوستان میں داخل ہو رہی تھی۔ جب ایس ایس بی کے جوانوں نے خاتون سے پوچھ گچھ کی تو وہ مشکوک نظر آئی جس کے بعد جوانوں نے اسے امیگریشن کے حوالے کر دیا۔ امیگریشن حکام کی جانب سے پوچھ گچھ کے دوران خاتون کی شناخت 49 سالہ جائی جیہنگ کے نام سے ہوئی جو کہ چین کے صوبے فوجیان کی رہائشی ہے، چینی خاتون کے پاس بھارت میں داخلے کے لیے کوئی درست دستاویزات نہیں تھے۔ اس کے بیگ سے ہارڈ ڈرائیو بھی برآمد ہوئی ہے جس کی جانچ کی جارہی ہے اور چینی خاتون سے پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار چینی خاتون کے خلاف 14 فارنرز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور مختلف سکیورٹی ادارے اس سے پوچھ گچھ کررہے ہیں۔

رمضان قتل معاملہ: دوسرا ملزم بھی گرفتار، بھیجا گیا جیل

کھڈا، (کشی نگر) (ایس این بی) کھڈا تھانہ علاقہ کے سوہرونا ریلوے انڈر پاس کے قریب ایک نوجوان کا قتل کر پھینکی گئی لاش معاملے میں کھڈا پولیس نے دوسرے ملزم کو بھی گرفتار کر بدھ کو جیل بھیجنے کی کاروائی کی ہے۔ اس معاملے میں ایک ملزم کو پولیس پہلے ہی جیل بھیج چکی ہے۔ تھانہ علاقہ کے گرام سبھا لکھوا بازار کے رمضان کی تلاش سوہرنا ریلوے انڈر پاس کے قریب برآمد ہوئی تھی۔ پولیس نے پوسٹ مارٹم کرا کر مقدمہ درج کیا تھا۔ پولیس کے تفتیش میں پتہ چلا کہ ارون عرف ارپن اور دیپو دونوں رمضان کے ساتھ گانجہ پی رہے تھے۔ اسی دوران رمضان کے ذریعہ ماں کی گالی دئے جانے پر ناراضگی میں ارون اور دیپو دونوں سے رمضان کی کہاسنی ہوگئی۔ گمچھ سے رمضان کا گلا کس کر دونوں نے رمضان کو مار دیا تھا۔ پولیس نے ارون عرف ارپن کو گرفتار کر دوسرے ملزم کی تلاش کر رہی تھی۔ بدھ کو انسپکٹر انچارج جتندر کمار، سینئر سب انسپکٹر اکھلیش یادو، سپاہی وشوجیت یادو، راجیو کمار چودھری، کمار امیش کی ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر دفعہ 302 آئی پی سی میں مطلوب ملزم امبریش عرف دیپو جائسوال ولد راجیو عرف پردیپ جائسوال ساکن سوہرونا تھانہ کھڈا کو گرفتار کر آگے کی کاروائی کی جارہی ہے۔ اس بابت میں انسپکٹر انچارج جتندر کمار نے بتایا کہ رمضان قتل کے دوسرے مطلوب امبریش عرف دیپو جائسوال کو گرفتار کر کورٹ بھیجنے کی کاروائی کی گئی ہے۔

کرنٹ کی زد میں آنے سے نوجوان کی موت

بانسی (سدھارتھ نگر) (ایس این بی) بانسی کوتوالی علاقہ کے تحت پرتاپ نگر محلّہ میں بدھ کی صبح زیر تعمیر مکان کے اندر لائٹ کا کام کرتے وقت کرنٹ کی زد میں آنے سے نوجوان جھلس گیا۔ وہاں موجود لوگوں نے علاج کے لئے فوراً بانسی صحت سنٹر پہنچایا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ کھیسر ہا تھانہ علاقہ کے مہلوانی گاؤں کے سریندر وشوکرما (26) ولد بشنجیت بانسی قصبہ کے پرتاپ نگر محلّہ میں کسی زیر تعمیر مکان میں وائرنگ کا کام کررہے تھے۔ بدھ کی صبح آٹھ بجے وہ اپنے گھر مہولانی سے نکل کر بانسی پرتاپ نگر پہنچ کر وائرنگ کا کام شروع کردیا۔ وائرنگ کرنے کے دوران لائٹ چیک کرنے کے لئے وہ جیسے ہی سپلائی جوڑا اچانک کرنٹ کی زد میں آگیا اور پوری طرح سے جھلس گیا۔ وہاں موجود لوگوں نے سریندر کو علاج کے لئے فوراً صحت سنٹر بانسی پہنچایا جہاں ڈاکٹروں نے سریندر کو مردہ قرار دے دیا۔ اس واقعہ سے گھر میں ماتم کا ماحول ہے۔

ڈی سی ایم نے نوجوان کو روندا، موت

مہراج گنج، (ایس این بی) مہراج گنج کے پھرینده تھانہ حلقہ کے بشرام پور چوراہے پر آج صبح 5.00 بجے دوڑ لگا کر گھر جارہے نوجوان کو ڈی سی ایم نے روند دیا جس سے نوجوان کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ پھرینده حلقہ کے پچپوکھری ٹولہ شیوراج پور باشندہ راجیش عرف وکاس ورما (20) فون میں تیاری کے لئے بشرام پور چوراہے کے قریب واقع جنگل میں دوڑ لگانے گئے تھے۔ جہاں علاقہ کے دوسرے نوجوان بھی صبح دوڑ لگاتے ہیں۔ روزانہ کی طرح وہ اپنے دوستوں کے ساتھ دوڑ لگانے کے لئے اکیلے گھر جارہا تھا۔ ابھی وہ بشرام پور چوراہے کے پاس پہنچا ہی تھا کہ پھرینده کی طرف سے آرہی ڈی سی ایم نے روند دیا جس میں نوجوان کی موت ہوگئی۔ خبر پا کر پولیس نے نعش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔ تھانہ انچارج ابھیشیک سنگھ نے بتایا کہ تحریر کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔

ٹرالی میں گھسی آرٹیگا کار، ڈرائیور کی موت، چار زخمی

ہریا (بستی) (ایس این بی) لکھنو- گورکھپور قومی شاہراہ پر مقامی قصبہ میں جانور اسپتال کے سامنے ایک ٹرالی میں پیچھے سے آرٹیگا کار گھس گئی جس سے ڈرائیور کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی جبکہ چار لوگ بری طرح سے زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو صحت سنٹر ہریا پہنچایا گیا۔ ابتدائی علاج کے بعد حالات سنگین ہونے کی وجہ سے تین لوگوں کو ڈاکٹروں نے ضلع اسپتال بستی ریفر کردیا ہے پولیس نے متوفی کی لاش کا پنچنامہ کر پوسٹ مارٹم کے لئے بستی بھیج دیا۔

سنت کبیر نگر ضلع کے کولہریا کوٹیا سیکھوئی کے 45 سالہ محمد ابراہیم ولد حوصلدر کار نمبر UP58AT- 4095 پر آٹھ لوگوں کو بیٹھا کر لکھنو جارہا تھا۔ قصبہ میں ہائی وے پر جانور اسپتال کے سامنے آرٹیگا ر ایک ٹرالی میں پیچھے سے گھس گئی۔ کار بری طرح سے ٹوٹ گئی اور ابراہیم کی جائے حادثہ پر ہی موت ہوگئی جبکہ 36 سالہ قیصر جہاں زوجہ محمد طاہر، 10 سالہ محمد حسن ولد محمد طاہر، 55 سالہ سمیع النساء زوجہ کرمت اللہ ساکن بنیتھو تھانہ بیلہر کلاں ضلع سنت کبیر نگر اور 65 سالہ اختر النساء زوجہ علی حسن ساکن سسوا تھانہ دودھارا سنت کبیر نگر بری طرح سے زخمی ہو گئے ہیں جبکہ محمد آصف، محمد کاشف ولد محمد طاہر، رقیہ خاتون، بشرا خاتون بنت محمد طاہر ساکن بنیتھو تھیانہ بیلہر کلاں سنت کبیر نگر بال-بال بچ گئے۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے زخمیوں کو 108 نمبر ایمبولنس سے صحت سنٹر ہریا پہنچایا۔ ابتدائی علاج کے بعد محمد حسن، قیصر جہاں اور اختر النساء کی حالت سنگین ہونے کی وجہ سے ڈاکٹروں نے ضلع اسپتال بستی ریفر کردیا ہے۔ پولیس نے متوفی کی لاش کا پنچنامہ کر پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔

مشتبہ حالت میں پھندہ سے لٹکتی ملی بیاہتا کی لاش

بانسی، (سدھارتھ نگر) (ایس این بی) کھیسر ہا تھانہ علاقہ کے کڑجا گاؤں میں منگل کی رات ایک نئی بیاہتا کی مشتبہ حالت میں پنکھے سے لٹکتی ہوئی لاش ملی ہے۔ اطلاع پر پہنچی کھیسر ہا پولیس نے لاش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔ متوفی کے مائیکے والوں نے سسرال والوں پر جہیز استحصال کا الزام لگاتے ہوئے کاروائی کی مانگ کی ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر معاملے کی جانچ شروع کردی ہے۔ سدھارتھ نگر ضلع کے صدر کوتوالی علاقہ کے جگدیش پور گاجا گاؤں کی یشودا دیوی کی شادی ڈیڑھ سال قبل کڑجا کے ببلو پاسوان کے ساتھ ہوئی تھی۔ متوفیہ یشودا دیوی کو ابھی کوئی اولاد بھی نہیں تھی۔ بتایا جارہا ہے کہ منگل کی رات یشودا (24) زوجہ ببلو پاستان کی گھر کے اندر بند کمرے میں مشتبہ حالت میں پنکھے کی کنڈی کے سہارے پھندہ سے لٹکنے سے موت ہوگئی۔ متوفیہ یشودا تقریباب 6 ماہ قبل اپنے شوہر کے ساتھ گھر سے الگ رہ رہی تھی۔ یشودہ کے تین بھائی ہیں۔ ببلو ابھی گزشتہ پیر کو کسی کام کے سلسلے میں لکھنو چلا گیا تھا۔ یشودہ دیوی اکثر باہر سوتی تھی لیکن منگل کی رات وہ اپنے کمرے میں گئی اور کافی دیر تک باہر نہیں نکلی تب یشودا کی ساس کملاوتی نے یشودا کو آواز لگائی جب یشودا نے آواز نہیں دیا تو ساس نے نزدیک سے جا کر دروازہ کھولنے کی کوشش تو دروازہ کی کنڈی اندر سے بند تھی۔ یہ دیکھ ساس نے شور مچایا اور لوگ اکٹھا ہوگئے۔ لوگوں نے دروازہ کو دھکے دے کر کھولا تو وہ پنکھے کی کنڈی سے پھندہ کے سہارے لٹکتی ملی۔ گھر والوں نے اس کی اطلاع پولیس کے ساتھ مائیکے کے لوگوں کو بھی دی۔ کچھ ہی دیر میں سی او بانسی کے ساتھ کھیسر ہا تھانہ انچارج رویندر سنگھ نے موقع پر پہنچ کر لاش کو قبضہ میں لے لیا۔ رات میں ہی مائیکے والے بھی پہنچ گئے اور متوفیہ کے والد اومکار ناتھ نے سسرال والوں کے شوہر ببلو پاسوان، ساس کملاوتی، جیٹھ کملیش اور جیٹھانی کے اوپر مارنے کا الزام لگاتے ہوئے مقدمہ درج کروایا ہے۔ اس بابت میں کھیسر ہا تھانہ انچارج رویندر سنگھ کا کہنا ہے کہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔ مائیکے لوگوں کی تحریر کی بنیاد پر سسرال گروپ کے لوگوں کے اوپر مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ جانچ کر آگے کی کاروائی کی جائے گی۔

بندر کے حملے میں پانچ زخمی، گاؤں میں دہشت

کھڈا (کشی نگر) (ایس این بی) رامکولہ تھانہ علاقہ کے گرام پنچایت بندھوا گاؤں میں دو ماہ سے ایک بندر ہنگامہ مچا رکھا ہے۔ بندر گاؤں کے پانچ لوگوں کو کاٹ کر زخمی کردیا ہے۔ بندر کے آتنک سے گاؤں کے لوگوں میں دہشت بنی ہوئی ہے۔ گاؤں کے لوگوں نے محکمہ جنگلات سے بندر کو پکڑوانے کی اپیل کی ہے۔ گاؤں کے پاس باغیچہ میں اپنا ٹھکانہ بنایا بندر بغل سے گزر رہی نہر شاہراہ سے جانے والے راہگیروں کو پیچھے سے حملہ کر کے زخمی کردے رہا ہے۔ جن کو بند کے بارے میں جانکاری ہے وہ راستہ بدل کر جارہے ہیں لیکن انجام افراد بندر کے شکار بن جارہے ہیں۔ گاؤں کے منگل گپتا، کنہیا منی، شیو کمار، رما کانت یادو، گڈو پانڈے کو بندر نے کاٹ کر زخمی کردیا ہے۔ بندر کے حملے میں زخمی ہوئے کنہیا منی کا علاج میڈیکل کالج میں چل رہا ہے۔ گاؤں کے لوگ ڈر کے مارے چھتوں پر نہیں جارہے ہیں تو وہیں کسانی کام کے لئے بھی کھیت میں جانے سے ڈر رہے ہیں۔ اسکول کھلنے سے لوگوں کو بچوں کو لے کر فکر بڑھ گئی ہے۔

روزگار میلہ کا انعقاد کل

کشی نگر، (ایس این بی) گورنمنٹ صنعت تربیت اتھارٹی کے زیر اہتمام یکروزہ روزگار میلے 28/ جون کو گورنمنٹ ادیوگ تربیت اتھارٹی پڈرونہ میں منعقد ہوگا اس روزگار میلے میں نجی حلقے کے کمپنیوں کی بھرتی افسر موجودرہ کر مختلف عہدوں کے لئے امتحان و انٹرویو کے ذریعہ بھرتی کی کاروائی انجام دیں گے۔ اس روزگار میلے میں ہائی اسکول، انٹرمیڈیٹ، گریجویٹ، ڈپلومہ و آئی ٹی آئی پاس 18 سے 35 سال عمر والے امیدوار شرکت کر سکتے ہیں۔ روزگار میلے میں حصہ لینے کے لئے ضرورت مند امیدواروں کو ضلع ایمپلائمنٹ کے ویب پورٹل پر اپنے آئی ڈی پاسورڈ سے لاک ان کر ماتحت کمپنی میں اپنی صلاحیت کے مطابق آن لائن درخواست کر سکتے ہیں۔ ساتھ ہی سبھی امیدوار اپنے اسناد و فوٹو بایوڈاٹا کے ساتھ 10.00 بجے میلے میں موجود ہو سکتے ہیں۔

خود روزگار شروع کرنے کے لئے 15/ جولائی تک درخواست دے سکتے ہیں

کشی نگر، (ایس این بی) ضلع ادیوگ کیندر کے ذریعہ دیگر پسماندہ طبقہ تربیت اسکیم کے تحت پسماندہ طبقہ کے لوگوں کو خود کے روزگار شروع کرنے کے لئے 4 ماہ کے لئے اجتماعی تربیت دلائی جائے گی۔ اس تربیت کے لئے سفر خرچ کے طور پر تربیت لینے والوں کو 1250 روپیہ فی ماہ دئے جانے کا پروویزن ہے۔ اس تربیت میں صرف کشی نگر ضلع کے ہی ضرورتمند مرد و خواتین امیدوار حصہ لے سکتے ہیں جن کی تعلیمی لیاقت کم سے کم جونیئر ہائی اسکول یا اس کے اوپر ہونا چاہیے۔ امیدوار کی عمر 18 سے 45 سال کے درمیان والے ہی محکمہ کے ویب سائٹ پر 15/ جولائی تک آن لائن درخواست کر سکتے ہیں۔

مار- پیٹ میں دو خاتون سمیت تین زخمی

اسکا بازار (سدھارتھ نگر) (ایس این بی) اسکا بازار تھانہ علاقہ کے پھلوریا گاؤں میں دو بھائیوں کے درمیان بدھ کی صبح ہوئی مار- پیٹ کے واقعہ میں ایک شخص کا سر پھوٹ گیا اور دو خواتین کو بھی چوٹیں آئی ہیں۔ ایک گروپ کے پردیپ کی تحریر پر پولیس نے مقدمہ درج کر چھان- بین کر رہی ہے۔ پردیپ نے تحریر کے ذریعہ سے الزام لگایا ہے کہ ان کے والد دکھ رام روز کی طرح مزدوری کرنے جارہے تھے اسی درمیان سکھ رام اور ان کے بیٹے شنکر نے پرانے گھریلو تنازعہ کو لے کر گالی دیتے ہوئے اینٹ- ڈنڈے سے حملہ کردیا۔ اچانک ہوئے اس حملے میں دکھ رام کو سنبھلنے کا موقع نہیں ملا، مار پیٹ میں ان کا سر دو جگہ پھٹ گیا۔ شور سن کر بیچ- بچاؤ کرنے آئی دکھ رام کی بیوی کسم اور ان کی بیاہتا بیٹی روبیتا کو بھی مارا- پیٹا، انہیں بھی چوٹ آئی اور ساتھ ہی جان سے مارنے کی دھمکی بھی دی ہے۔ کچھ گاؤں کے لوگوں نے دونوں گروپ کو الگ کیا۔ اس بابت میں انچارج ایس او چندر شیکھر پانڈے نے بتایا کہ تحریر کی بنیاد پر متاثرہ کا میڈیکل کراتے ہوئے مقدمہ درج کر جانچ کی جارہی ہے۔

بالولدا ٹرک پلٹنے سے ایک کی دردناک موت

کھڈا، (کشی نگر) (ایس این بی) نیبوا نورنگیا تھانہ علاقہ کے نیبوا نورنگیا- جٹہا شاہراہ پر نرمل پٹی بازار کے قریب بالولدے ٹرک کے پلٹنے سے اس میں سوار ایک زخمی جس کی عمر تقریباً 21 سال ہے کہ صحت سنٹر نیبوا نورنگیا لے جاتے وقت موت ہوگئی۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضہ میں لیتے ہوئے اگلی کاروائی میں مشغول ہے۔ واقعہ بدھ کی صبح تقریباً 7.30 بجے کے آس پاس کا ہے۔ جٹہاں بازار تھانہ علاقہ کے کٹائی بھرپوروا ٹولہ کے مدرہواں کے نگینہ یادو کا 21 سالہ ولد پنکج یادو اپنے گاؤں کے ہی ٹرک ڈرائیور پریم یادو ولد سبھاش یادو عمر تقریباً 25 سال کے ساتھ بالو کھالی خالی کرانے جارہا تھا کہ مذکورہ بازار کے قریب سے پٹھولی جانے والی سڑک پر ٹرک بے قابو ہو کر پلٹ گیا اور اس میں بیٹھا پنکج دب گیا۔ موقع پر پہنچے گاؤں کے لوگ زخمی ٹرک میں دبے پنکج یادو اور ڈرائیور پریم یادو کو کافی مشقت سے باہر نکالتے ہوئے 108 ایمبولنس سے علاج کے لئے صحت سنٹر نیبوا نورنگیا بھجوایا جہاں ڈاکٹروں نے پنکج کو مردہ قرار دیا اور ڈرائیور کی حالت کو سنگین دیکھتے ہوئے ضلع اسپتال ریفر کردیا واقعہ سے پولیس کو واقف کرایا گیا۔ موقع پر پہنچی پولیس نے متوفی کی لاش کو قبضہ میں لیتے ہوئے اگلی کاروائی میں مشغول ہوگئی ہے۔

دو دن میں تین لڑکوں کی ڈوبنے سے ہوئی موت سے روپڑا علاقہ

دیوریا، (ایس این بی) پچھلے دو دنوں میں تین لڑکوں کے نہاتے وقت ڈوب جانے سے پورا علاقہ رو پڑا۔ تین لڑکے اپنے ماں- باپ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ ان کی موت سے تینوں گھروں کی چنگاری بجھ گئی۔ اس حادثہ کی چرچہ لوگوں کے زبان پر ہے۔ ہر کوئی اس واقعہ سے غم ہے۔ پیر کو کولہوا گاؤں کے تقریباً ایک درجن لڑکے ندی میں نہانے گئے تھے۔ سبھی لڑکوں کی عمر 15 سے 20 کی تھی۔ لڑکے پچھلے کچھ دنوں سے گھر کے لوگوں سے کوئی نہ کوئی بہانہ بنا کر برہج نہاتے چلے آتے تھے۔ پیر کو جھنڈ بنا کر گھر کے لوگوں کو گمراہ کر کے برہج نہانے چلے گئے تھے۔ نہاتے وقت گہرے پانی میں چلے جانے سے کولہواں گاؤں کے دوویک پرساد اور اس کے پھوپھی کا لڑکا، بڑہل گنج علاقہ کے سنسرا پار گاؤں کے کملیش پرساد ڈوب گئے کملیش کی لاش واقعہ سے دوسرے دن منگل کو بھاگلپور کے پاس ملا۔ جبکہ دوویک کی لاش بدھ کو سریوندی میں ملی۔ یہ دونوں لڑکے اپنے ماں باپ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ ان دونوں کے چار- چار بہنیں ہیں۔ اس واقعہ سے ابھی لوگ ابھر بھی نہیں پائے تھے، کہ دوسرے ہی دن منگل کو سنتوش گواسوامی کا لڑکا ہرش منی گواسوامی راپتی ندی میں نہاتے وقت ڈوب گیا۔ اس کی لاش شام کو ندی سے باہر نکالا گیا۔ ہرش منی گواسوامی بھی اپنے ماں- باپ کا اکلوتا بیٹا تھا۔ اس سے بڑی صرف ایک بہن ہے، ہرش منی کبھی ندی میں نہانے نہیں جاتے تھا لیکن ساتھیوں کے ساتھ وہ نہانے چلا گیا۔ ان تینوں کی موت سے کنبہ کے لوگ ٹوٹ چکے ہیں۔ ان کے سامنے صرف اندھیرا ہی اندھیرا دکھائی دے رہا ہے۔ ان کے ماں- باپ اور گھر کے لوگ اپنی قسمت کوس رہے ہیں۔

نوجوان پر چاقو سے حملہ، باپ بھی زخمی

پرتاول، (مہراج گنج) (ایس این بی) پرتاول تھانہ علاقہ کے شیام دیوروا کے گرام پنچایت پرسیا اندر پور کے ایک نوجوان پر چاقو سے حملہ کرنے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ واقعہ میں زخمی نوجوان کی حالت کو سنگین دیکھتے ہوئے میڈیکل کالج ریفر کردیا گیا ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق پرسیا اندر پور کے دیا شنکر کے بور سے راج ساہنی نام کا نوجوان شام کو کھیت میں پانی چلا رہا تھا۔ پانی اس کے گھر کے دیوار سے سٹ کر جارہا تھا۔ اس سے اس کے گھر میں پانی کا رساؤ ہو رہا تھا۔ دیا شنکر کے بیٹے بملیش نے جب منع کیا تو اسی بات کو لے کر کہاسنی ہوگئی۔ لوگوں کے سمجھانے پر معاملہ رفع ہو گیا لیکن راج گروپ کے لوگ رات تقریباً 8.00 بجے بملیش سے الجھ گئے اور مارنے پیٹنے لگے۔ اسی درمیان راج گروپ کے دو اور لوگ آگئے۔ تنازعہ دیکھ وملیش کے والد دیا شنکر بھی آگئے۔ مار پیٹ بھی بڑھ گئی۔ اس دوران راج گروپ کی جانب سے وملیش کے گلے پر چاقو سے حملہ کردیا گیا۔ اس سے وملیش زمین پر گر گیا۔ والد دیا شنکر کو بھی سر میں چوٹیں آئی ہیں۔ لوگوں نے رات تقریباً 10.00 بجے زخمی باپ- بیٹے کو سی ایچ سی پرتاول بھجوایا لیکن ڈاکٹروں نے حالت تشویش دیکھ کر باپ- بیٹے کو میڈیکل کالج ریفر کردیا گیا۔ اس کی اطلاع دیا شنکر نے شیام دیوروا پولیس کو دے دی ہے۔ اس بابت میں انسپکٹر شیام دیوروا دھرمیندر کمار نے بتایا کہ تحریر کی بنیاد پر مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس معاملے کی جانچ کر رہی ہے۔ میڈیکل رپورٹ آنے کے بعد آگے کی کاروائی کی جائے گی۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کر لیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سہکرا ابھر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ناورہ، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے یا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا ان کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کر کے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

پوروتر ریلوے

ہندوستان کے صدر جمہوریہ کی جانب سے ڈپٹی چیف مکینکل انجینئر/ کام، واسطے چیف کارخانہ منیجر مکینکل کارخانہ گورکھپور کے ذریعہ نیچے لکھے کاموں کے لئے آن لائن (ای-ٹینڈرنگ) کے ذریعہ سے اوپن ای-ٹینڈر طلب کی جاتی ہے۔ شمارہ نمبر 1: ای-ٹینڈر نوٹس نمبر اور ٹینڈر/ کام کی تفصیل ٹینڈر نمبر: ''13-جی کے پی-ایم ڈبلیو ایس-25-2024'' ریپئر اکٹوٹی (ڈس اسمبلی اینڈ اسمبلی) آف بریک کلیپر یونٹ ان مکینکل ورکشاپ گورکھپور فار 01 ایئر'' تخمینہ لاگت (روپے میں): روپے-/46,95,660، زر بیعانہ کی رقم (روپے میں)، روپے -/93,900، ٹینڈر فارم کی قیمت: صفر، معاہدہ کی مدت: 12 ماہ۔ ٹینڈر ختم کی تاریخ اور مدت: 22-07-2024 کو 11:00 بجے۔ درج بالا ای-ٹینڈر کی مکمل تفصیل اور ٹینڈر میں حصہ لینے کے لئے بھارتیہ ریل کی ویب سائٹ نمبر "http:// www.ireps.gov.in پر دیکھیں۔

ڈپٹی چیف مکینکل انجینئر/ کام، گورکھپور

CPRO/YANTRIK-37

ٹرینوں میں بیڑی/ سگریٹ نہ پیئیں

پوروتر ریلوے

نوٹیفکیشن

عزت نگر ڈویژن کی گتی شکتی یونٹ میں انجینئر محکمہ کے لئے سینئر سیکشن انجینئر/ کام لیبل-7 کے 01 عہدہ کو سبکدوش ملازمین سے ماہانہ اجرت کی بنیاد پر ری-انگیج کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ خواہش مند سبکدوش ملازمین کی صلاحیت کی جانچ ایک Watlk-in- Interview کے ذریعہ سے ہوگا۔ عمر: 60 سال سے 65 سال کے درمیان میں ہونی چاہیے۔ اجرت: ریلوے بورڈ کے مراسلہ آئی بی سی نمبر 150/2017 بتاریخ: 16-10-2017 کے ذریعہ موصول ہدایت کے مطابق سابق ملازمین کو دوبارہ عہدہ پر تقرری کے لئے ماہانہ تنخواہ (پے+ ڈی اے) سے پنشن گھٹا کر دیا جائے گا۔ دوسرے الفاظ میں دوبارہ تقرری پر دی گئی اجرت اور مکمل پنشن کو جوڑ کر آخری تنخواہ سے زیادہ نہیں ہوگی۔ ضابطہ اور شرائط کی تفصیل اور درخواست کا خاکہ ریلوے کی ویب سائٹ نمبر www.ner.indianrailways.gov.in پر بتاریخ: 25-06-2024 کو وقت: 12:42 بجے اپ لوڈ کردیا گیا ہے، پر دیکھا جاسکتا ہے۔

ڈویژنل ریل منیجر (کمرشیل)، عزت نگر

CPRO/VIVIDH-10

ٹرینوں میں بیڑی/ سگریٹ نہ پیئیں